Sadiq Public School

Do the right, fear no man

Subject: Urdu **Class: C2** **Day: Friday/15-Nov-2024**

Lesson:

عنوان: رپورٹ نویسی

1- Inquiry:

1. رپورٹ سے کیا مراد ہے ؟
2. رپورٹ کتنی اقسام کی ہوتی ہے ؟
3. آپ کے خیال میں رپورٹ لکھتے ہوئے کن باتوں کو مد نظر رکھنا چاہیے ؟

2- Information:

☆ ہماری روز مرہ زندگی میں رپورٹ کو ایک مرکزی اہمیت حاصل ہے۔جو لوگ سرکاری یا نجی دفاتر میں کام کرتے ہیں، انہیں ہر روز، ہر ہفتے یا پھر ہر ماہ کسی نہ کسی کام سے متعلق رپورٹ تحریر کرنا ہوتی ہے ، جن کی کچھ مثالیں درج ذیل ہیں:۔

- سکول میں اساتذہ کو طلبہ ، نصابی کتب، نصاب، تدریسی سامان، سکول میں ہونے والے حادثات و واقعات اور زیر تربیت اساتذہ کی رپورٹیں تحریر کرنا ہوتی ہیں۔
- تاجر حضرات اپنے ملازمین ، نئے سامان، نقصانات، نئے تجارتی معاہدوں یا پھر غیر معمولی نفع کی رپورٹیں تیار کرتے ہیں.
- پولیس والے ٹریفک حادثات، چوری، ڈکیتی، خاندانی جھگڑوں اور عوامی شکایات وغیرہ کی رپورٹیں لکھتے ہیں۔

☆ رپورٹ کی اقسام ہیں: واقعاتی، حادثاتی، دفتری کار و باری و غیرہ

☆ رپورٹ لکھتے ہوئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے

- رپورٹ تحریر کرتے ہوئے واقعات و شواہد کا تفصیلی جائزہ لیں اور نہایت باریک بینی سے ان کا تجزیہ کریں۔
- رپورٹ تحریر کرتے ہوئے واقعات و شواہد اور لوگوں کی ذاتی رائے میں فرق کو سمجھنا بہت ضروری ہے تا کہ واقعات و شواہد کی صحت کا درست اندازہ لگایا جا سکے
- رپورٹ لکھتے ہوئے ضروری ہے کہ غیر ضروری تفصیلات تحریر کرنے سے گریز کیا جائے۔ .
- .. واقعات کے تسلسل کو رپورٹ میں مرکزی اہمیت حاصل ہے، اس لئے ضروری ہے کہ جو چیز جیسے وقوع پذیر ہوئی ہو، اسے اس طرح بیان کیا جائے۔
- . رپورٹ لکھتے ہوئے ہمیشہ سادہ زبان استعمال کی جانی چاہیے، اس کے لئے ضروری ہے کہ اخبارات میں چھپنے والی مختلف خبروں اور ر پورٹوں کا باقاعدگی سے مطالعہ کیا جائے
- بعض اوقات رپورٹ لکھتے ہوئے مختلف مسائل کے حل کے لئے تجاویز بھی مانگی جاتی ہیں، اس کے لئے ضروری ہے کہ زیر نظر معاملے کا انتہائی احتیاط سے جائزہ لیا جائے اور اس کے حل کے لئے مثبت تجاویز پیش کی جائیں

۔

3. Synthesizing/absorbing:

☆رپورٹ لکھتے ہوئے درج ذیل خاکے کو مد نظر رکھیں:۔

دائیں جانب تاریخ تحریر کریں۔

رپورٹ کا عنوان وسط میں تحریر کریں۔

رپورٹ تین پیرا گراف میں لکھیں۔

اولیول کے اصول و ضوابط کو مد نظر رکھتے ہوئے رپورٹ لکھیں۔

محاورات ، نئے الفاظ ، حروف اور رموز اوقاف کا مناسب استعمال کریں۔

رپورٹ کے آخر میں رپورٹر (روداد نویس) اور اپنا نام تحریر کریں۔

4. Practising:

☆کسی بم دھماکے سے پیدا ہونے والی سنگین صورتحال اور علاقے کے حالات پر ایک رپورٹ تحریر کریں- آپ کی رپورٹ 150 الفاظ پر مشتمل ہونی چاہیے-

5. Feedback

نوٹ :درج بالا معلومات کے بارے میں یا اس کے علاوہ کوئی سوال پوچھنا ہو تو اپنے متعلقہ سیکشن کے اردو کے استاد کے ای میل ایڈ ریس پر بھیجیں۔

ٖC2A	Nazleen Tahseen	NTR	nazleen tahseen_NTR 03060163093	C2A students will send their home assignments to their subject teacher (NTR)for checking and getting feedback.
C2B	Nouman Farooq	NF	mnoumanfarooqi7@gmail.com	C2B students will send their home assignments to their subject teacher (NF) for checking and getting feedback.
C2C	Majid Baloch	MMG	majidmehmood787@gmail.com	C2C students will send their home assignments to their subject teacher (MMG) for checking and getting feedback.
C2D	Muhammad Ghazanfar	MG	ghazanfar786421@gmail.com	C2D students will send home assignments to their subject teacher (MG) for checking and getting feedback
C2E	Aamir Abbas	AAB	amirabbas4488@gmail.com	C2E students will send home assignments to their subject teacher (AAB) for checking and getting feedback
C2GA	Maheen Ahmad	RMA	maheenahmad875@gmail.com	C2GA students will send their home assignments To their subject teacher (RMA) for checking and getting feedback .
C2GB	Shazia Anwar	SAJ	somuroshaz313@gmail.com	C2GB students will send home assignments to their subject teacher (SAJ) for checking and getting feedback